نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

07 جولائی 2011ء
برائے فوری اجراء
133/2011

رابطہ: کورٹنی بیعل
قائم مقام ترجمان
فون: 0300-501-2640

نئی امریکی قونصل جنرل مری رچرڈز کی پشاور آمد

پشاور میں امریکی قونصل خانہ خیبر پختونخوا حکومت اور فاٹا سیکرٹریٹ کے ساتھ تعاون کو فروغ دیتا ہے

پشاور (7 جولائی 2011ء) ___ نئی امریکی قونصل جنرل ڈاکٹر مری رچرڈز کو امریکی سفیر کیمرون منٹر نے آج اپنی سربراہی میں گیارہویں کورگریژن کلب میں منعقدہ ایک تقریب میں خوش آمدید کہا۔ ڈاکٹر رچرڈ جن کا سفارتی تجربہ دو عشروں پر محیط ہے۔ ماضی میں پاکستان اور خطے میں سفارتی خدمات انجام دے چکی ہیں۔

اپنے خطاب میں امریکی سفیر کیمرون منٹر نے ڈاکٹر رچرڈز کو استقبالیہ کلمات میں ''پاکستان کا دوست'' قرار دیا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا اور فاٹا سیکرٹریٹ کے حکام کے ساتھ مضبوط تعلقات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ''ہم مل جل کر ایسے منصوبوں پر عمل درآمد کرنے کے قابل ہوئے ہیں جن کی بدولت علاقے کے لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنایا جا سکے۔''

ڈاکٹر رچرڈز کی قیادت میں امریکی قونصلیٹ جنرل پاکستان کے ساتھ خیبر پختونخوا اور فاٹا میں تعلقات کو مستحکم کرنے کا خواہاں ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر مری رچرڈز نے کہا کہ مجھے پشاور آ کر بہت خوشی ہوئی ہے۔ قونصلیٹ جنرل کو خیبر پختونخوا اور فاٹا سیکرٹریٹ کا شراکت دار ہونے پر فخر ہے۔ میں اپنی تعیناتی کے عرصہ کے دوران اس قریبی اشتراک کار کو جاری رکھنا چاہوں گی۔

پشاور میں تعیناتی سے قبل ڈاکٹر مری رچرڈز نے امریکی سفارتخانہ اسلام آباد میں پاکستان افغانستان سرحد کی کوارڈی نیٹر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں جبکہ وہ صدر کیا نظامی دفتر میں نیشنل سیکیورٹی کونسل کے عملہ کیلئے ڈائریکٹر برائے افغانستان' کابل افغانستان میں 2005 سے 2007 تک نائب سیاسی و عسکری قونصلر اور امریکی دفتر خارجہ کے بیورو برائے سیاسی و عسکری معاملات کے دفتر برائے علاقائی سلامتی و اسلحہ تبادلہ پالیسی واقع واشنگٹن میں ایشیا سیکشن کی سربراہ کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔ اس کے علاوہ وہ ژانگ جیو چین' نئی دہلی بھارت اور کراچی پاکستان میں بھی خدمات انجام دے چکی ہیں۔ ڈاکٹر رچرڈز اردو روانی سے بولتی ہیں اور پشتو زبان میں بھی مہارت رکھتی ہیں۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov